**Sadiq / Altamash**

**26-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... ارجمند علی خان

**Music**

-------------------------------

1- بھارت نے شنگھائی تعاون تنظیم کے مشترکہ اعلامیے پر یہ کہتے ہوئے دستخط کرنے سے انکار کردیا کہ اِس میں پاکستان کی شہ والی دہشت گردی سے متعلق بھارت کی تشویش کو واضح طور پر شامل نہیں کیا گیا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے SCO ممالک سے دہشت گردی کی لعنت پر دوہرے معیار کو مسترد کرنے کو کہا۔

2- شبھانشو شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر پہنچنے والے پہلے بھارتی بن کر تاریخ رقم کرنے والے ہیں۔ ڈاکنگ آج شام ساڑھے چار بجے ہوگی۔

3- ایران سے آپریشن سندھو کے تحت اب تک 3 ہزار 426 بھارتی شہریوں کو واپس وطن لایا گیا ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے اُن کے ہم منصب زیلنسکی نے روس-یوکرین جنگ روکنے کے سلسلے میں اقدامات پر تبادلہ خیال کیا ہے۔

6- اور ہماچل پردیش کے مختلف حصوں میں بادل پھٹنے سے سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ پانچ افراد ہلاک اور کئی لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Rajnath SCO**

بھارت نے چین کے Qingdao میں شنگھائی تعاون تنظیم کی وزرائے دفاع کی میٹنگ میں ایک مشترکہ اعلامیے پر دستخط کرنے سے انکار کردیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے کہا ہے کہ بھارت، مشترکہ اعلامیے میں استعمال کی گئی زبان سے مطمئن نہیں ہے اور اُس میں سرحدپار دہشت گردانہ سرگرمیوں کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

اِس سے قبل وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دہشت گردی ، شدت پسندی اور انتہا پسندی کے خلاف متحد عالمی کارروائی پر زور دیا ہے اور اِنہیں علاقائی امن و اعتماد کیلئے بڑے خطرات بتایا۔ آج چین کے Qingdao میں شنگھائی تعاون تنظیم کی وزرائے دفاع کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ امن و خوشحالی اور دہشت گردی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔

پہلگام کے وحشیانہ حملے کا حوالہ دیتے ہوئے جس میں ایک نیپالی باشندے سمیت 26 شہری ہلاک ہوگئے تھے، جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت نے سرحد پار دہشت گردی کے ڈھانچے کو تہس نہس کرنے کیلئے آپریشن سندور کے تحت اپنا دفاع کرنے کے حق کا استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے یہ دکھا دیا کہ دہشت گردی کے مراکز اب محفوظ نہیں ہیں اور ملک اُنہیں نشانہ بنانے سے نہیں ہچکچائے گا۔

**Byte- Rajnath SCO/ Epicentre**

وزیر دفاع نے SCO ممالک پر دوہرے معیار کو مسترد کرنے اور دہشت گردی کو شہ دینے والوں کو جوابدہ قرار دینے پر زور دیا۔ جناب سنگھ نے کہا کہ کچھ ممالک سرحدپار دہشت گردی کو ایک پالیسی کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور دہشت گردوں کو پناہ فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جو دہشت گردی کو شہ دیتے ہیں اور اُسے اپنے ذاتی مفادات کیلئے استعمال کرتے ہیں اُنہیں کارروائی کا سامنا کرنا چاہیے۔

**Byte- Rajnath Singh -7 May**

**Axiom 4 Launch**

بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا آج تاریخ رقم کرنے والے ہیں اور وہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے والے پہلے بھارتی بن جائیں گے۔ گروپ کیپٹن شکلا اور عملے کے دیگر تین افراد کو لے جارہا ہے Axiom-4 Mission آج شام ساڑھے چار بجے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے منسلک ہوجائے گا۔ خلا سے ایک پیغام میں گروپ کیپٹن شکلا نے کہا کہ وہ اور اُن کے ساتھی خلاباز پرجوش ہیں اور انہوں نے اِسے ایک مجموعی حصولیابی قرار دیا۔

**1400- Subhanshu Shukla**

**UNSC INDIA**

بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں پاکستان کے ناپاک ایجنڈے کو مسترد کردیا ہے اور اسلام آباد پر الزام لگایا ہے کہ وہ سرکار کی زیر سرپرستی جاری سرحد پار کی دہشت گردی اور خود انسانی حقوق کی اپنی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کی کوشش کررہا ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے Ambassador P Harish نے سخت الفاظ پر مشتمل ایک بیان میں پاکستان کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ کونسل میں بچوں اور مسلح تنازعہ سے متعلق ایجنڈے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اِس پلیٹ فارم کا بیجا استعمال کررہا ہے۔ کونسل میں بچوں اور مسلح تنازعوں کے موضوع پر کھلی بحث کے دوران بھارت کے نمائندے نے کہا کہ پاکستان اِس ایجنڈے کی خلاف ورزی کرنے والا ایک بڑا ملک ہے۔

جناب P ہریش نے کہا کہ خود پاکستان کے اَندر بچوں کے حقوق کی لگاتار خلاف ورزیاں ہورہی ہیں۔ افغانستان میں فوجی کارروائیوں کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پاکستانی فوج کی طرف سے فضائی کارروائی اور گولہ باری کے نتیجے میں بچوں کی اموات ہوئی ہیں۔

انھوں نے جموں وکشمیر میں پہلگام کے 22 اپریل کے دہشت گردانہ حملے کا ذکر کیا اور کہا کہ پاکستانیوں یا پاکستان کی تربیت یافتہ دہشت گردوں نے 26 بھارتی سیاحوں کو ہلاک کیا تھا۔

**CR Patil Water Connection**

جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک بھر میں 15 کروڑ سے زیادہ گھروں میں نل کے پانی کے کنکشن فراہم کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ چار کروڑ گھروں کو یہ کنکشن فراہم کرنے کا کام 2028 تک مکمل ہوجائے گا۔ آج نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب پاٹل نے کہا کہ حکومت نے جل جیون مشن کے تحت ہر گھر کو پینے کا صاف پانی فراہم کیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ عالمی صحت تنظیم نے اندازہ لگایا ہے کہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی سے ہیضے کی بیماری سے سالانہ چار لاکھ تک اموات سے بچا جاسکا ہے۔

**Byte- C R Patil**

**Operation Sindhu**

آپریشن سندھو کے تحت مزید 272 بھارتی شہریوں کو ایران سے بحفاظت نکالا جاچکا ہے۔ اِن میں 3 نیپالی شہری بھی شامل ہیں۔ اِن سبھی کو آج صبح سویرے خصوصی پرواز سے ایران کے مشہد شہر سے نئی دلّی لایا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ اب تک 3 ہزار 426 بھارتی شہریوں کو آپریشن سندھو کے تحت ایران سے بھارت لایا جاچکا ہے۔

**Shah Drug Abuse**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی حکومت منشیات کے ٹھکانوں کو سختی کے ساتھ نشانہ بنارہی ہے اور اِس کی لت کے عادی نوجوانوں کو معمول کے مطابق زندگی پر واپس لارہی ہے۔ منشیات کے استعمال کے خلاف عالمی دن کے موقعے پر سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر

جناب شاہ نے کہا کہ منشیات نوجوانوں کیلئے سب سے بڑی لعنت ہے۔ وزیر موصوف نے منشیات سے مبرا، بھارت کی لڑائی میں سبھی ہم وطنوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔

**Delhi Cm Drugs**

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا ہے کہ دلّی پولیس نے اِس سال اب تک پچاس ہزار کلو گرام سے زیادہ منشیات کو قبضے میں لیا اور انہیں ضائع کیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک ہزار سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ وہ آج راجدھانی میں منشیات کے عالمی دِن کے موقع پر ایک پروگرام میں اظہار خیال کررہی تھیں۔ محترمہ ریکھا گپتا نے کہا کہ پولیس نے منشیات کے اِسمگلروں کے خلاف بھی کیس درج کیے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ دلّی سرکار، پولیس اور دلّی کے لوگ سب ملکر معاشرے کو اِس لعنت سے چھٹکارا دلانے کے لیے کام کررہے ہیں۔

**S-B Rekha Gupta**

**Zelensky Trump Meet**

یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ میٹنگ کی اور روس یوکرین لڑائی بند کرانے کے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا۔ یہ میٹنگ نیدرلینڈ کے شہر Hague میں NATO کی چوٹی میٹنگ کے موقع پر ہوئی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر زیلنسکی نے کہا کہ انھوں نے اِس بات پر غور کیا کہ کس طرح جنگ بندی کرکے حقیقی معنے میں امن قائم کیا جائے۔x

**HP Wather**

ہماچل پردیش میں پچھلے چوبیس گھنٹے کے دوران مانسون کی موسلادھار بارش ہوئی ہے۔ ریاست کے مختلف حصوں سے سیلاب آنے اور بادل پھٹنے کے واقعات کی خبریں ملی ہیں۔ اب تک ملنے والی خبروں کے مطابق اِن واقعات میں پانچ افراد کی جانیں تلف ہوچکی ہیں۔

موسمیات کے محکمہ کے مطابق اگلے چھ دِن کے دوران ریاست میں تیز سے بہت تیز بارش ہوسکتی ہے۔ محکمے نے کانگڑا منڈی، شملا اور سولن میں موسلا دھار بارش کا الرٹ جاری کیاہے۔

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ اگلے سات دن کے دوران ملک کے شمال مغرب، وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق گجرات خطے اور اوڈیشہ کے دور دراز علاقوں میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ ایجنسی نے ساحلی کرناٹک، مشرقی راجستھان، جھارکھنڈ، کیرالہ، ماہے، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش ، اوڈیشہ، پنجاب، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

**Chattisgarh**

چھتیس گڑھ میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں دو خاتون ماؤنواز ہلاک ہوگئی ہیں۔ یہ تصادم نارائن ضلعے کے Aboojhmaad علاقے کے جنگلوں میں ہوا۔ علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ معلومات کے بعد ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ اور اسپیشل ٹاسک فورس کی ایک مشترکہ ٹیم کو کارروائی کیلئے روانہ کیا گیا۔ سکیورٹی دستوں نے تصادم کی جگہ سے دو خاتون نکسلیوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی انجام دی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆